بسم اللہ الرّحمٰن الرّحیم

## وفاق العلماء نامی ویب سائٹ کی طرف سے حضرت مولانا قمر الزماں اعظمی صاحب حفظہ اللہ پر بہتان کے جواب میں مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی برطانیہ کی طرف سے ضروری خلاصہ

---

مورخہ ۲ صفر ۱۴۳۴ھ مطابق ۱۵ دسمبر ۲۰۱۲ء بروز سنیچر

قارئینِ کرام حضرات وخواتین السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

عرض یہ ہے کہ گذشتہ رمضان ۱۴۳۴ھ کے موقعہ پر ۲۹ ویں شعبان مطابق ۱۹ جولائی ۲۰۱۲ء جمعرات کی شام سعودیہ میں رمضان کا چاند دکھائی دیا جس کی شرعی شہادتوں پر سعودی سپریم کورٹ اور مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی برطانیہ کی طرف سے رمضان شروع ہوجانے کا اعلان کیا گیا، اس وقت رات ہی کو عارف باللہ حضرت مولانا قمر الزماں اعظمی صاحب حفظہ اللہ علی الصباح ہند کے سفر کے لئے روانہ ہورہے تھے تو آپ نے شرعی رخصت پر عمل کرتے ہوئے روزہ نہ رکھا، رمضان تو گذر گیا مگر اس واقعہ کے پانچ مہینوں کے بعد وفاق العلماء نامی ویب سائٹ نے مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی برطانیہ اور سعودیہ کی رویتِ ہلال کے شرعی فیصلوں کی تردید میں جلی حروف میں ایک مضمون عارف باللہ حضرت مولانا قمر الزماں اعظمی صاحب حفظہ اللہ کے مذکورہ واقعے کے حوالے سے اپنی ویب سائٹ میں لگایا تاکہ عام مسلمانوں میں آپ کے نام سے سعودی عربیہ اور مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی برطانیہ کے خلاف غلط فہمیاں پھیلائی جائیں!

اس مضمون میں انہوں نے حضرت پر الزام وبہتان لگایا ہے کہ آپ نے مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی برطانیہ (حزب العلماء، دارالعلوم بری، جمعیۃ العلماء برطانیہ) اور سعودیہ کی طرف سے رمضان شروع ہونے کے اعلان کے باوجود وفاق العلماء کی موافقت میں رمضان شروع نہ کی یہاں تک کہ آپ نے مرکزی رویتِ ہلال کمیٹی برطانیہ کے اعلان پر عمل نہ کرنے کے متعلق وجہ بھی بیان فرمائی!

اس سلسلہ میں چاند کمیٹی کے ذمہ داروں نے جب حضرت مدظلہ سے رابطہ کیا تو آپ نے وفاق العلماء نامی ویب سائٹ والوں کی طرف سے آپ کی طرف غلط بات منسوب کرنے پر سخت افسوس اور ناراضگی کا اظہار فرمایا اور وفاق العلماء کی طرف سے اپنی طرف منسوب اس غلط بات کی تردید فرما کر اسی وقت فون پر ذیل کی تحریر اپنے نام کے ساتھ عام مسلمانوں کے مفاد میں شائع کرنے کی اجازت مرحمت فرمائی، ملاحظہ ہو، آپ فرماتے ہیں؛

---

## ایک ضروری وضاحت

یہ سن کر بڑا افسوس ہوا کہ وفاق العلماء برطانیہ کی طرف سے غلط بات میری طرف منسوب کی گئی ہے، حالانکہ سعودی عربیہ کی رویت کے سلسلہ میں کسی سے کوئی بات ہی نہیں ہوئی، چونکہ میرا سفر کافی لمبا تھا اور نقاحت بھی کافی تھی اس لئے میں نے روزہ کے بارے میں رخصت پر عمل کیا، مولانا اسمٰعیل بھوتا ہمارے پاس موجود تھے جو پوری صورت حال سے واقف ہیں، مزید وضاحت کے لئے ان سے رابطہ کیجئے،

محمد قمر الزماں الٰہ آبادی

---

**نوٹ**؛ وہ حضرات جو ہمیں بار بار ای میل کے ذریعہ اس مذکورہ ویب سائٹ کے جھوٹ کو اپنی طرح سچا ماننے منانے پر تلے ہوئے ہیں اللہ کے حضور یہ اور ان کے سربراہ توبہ اور استغفار کریں تاکہ اللہ کی بارگاہ میں ایک برگزیدہ عارف باللہ ہستی جو ہمارے گذرے جلیل القدر بزرگوں کی آخری نشانی ہیں اور جن کے ہزاروں کی تعداد میں مرید اور چاہنے والے دنیا بھر میں پھیلے ہوئے ہیں ان کی دل شکنی وناراضگی پر اللہ کے عذاب سے وہ بچ سکیں

اللھم اھد الصراط المستقیم ،وصلی اللہ علی النبی الکریم وعلیٰ آلہ واصحابہ ومن تبعہ الی یوم الدین



Central Moon Sighting Committee of Great Britain
Hizbul Ulama UK, Darul Uloom Bury, Jamiatul Ulama Britain,
74 C Upton Lane London E7 9LW
Phone No. 07866464040, 01707 652 6109, 07866 654471, 07957 205726
Website: www.hizbululama.org.uk E-mail: info@hizbululama.org.uk